# 16-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سال 2047ء تک جب ملک کی آزادی کے 100 برس مکمل ہوجائیں گے یہ مکمل طور پر وکست بھارت ہوجائے گا۔ انہوں نے آج اے پی کے شہر کرنول میں 13 ہزار430 کروڑ روپے کی لاگت سے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

۲۔ سپریم کورٹ نے ادارہ جات مقامی میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کے معاملہ میں حکم التوا کے ہائی کورٹ کے فیصلہ پر تلنگانہ حکومت کی اپیل مسترد کردی ہے۔

۳۔ مرکزی حکومت نے پی ڈی ایم سی اسکیم کے تحت پانی کی بچت کو فروغ دینے کے لئے ایک نیا پروگرام شروع کیا ہے جس سے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

۴۔ مسلم دانشوروں اور عوامی نمائندوں کے ایک گروپ نے ڈی جی پی شیودھر ریڈی سے اپیل کی ہے کہ گوشہ محل کے ایم ایل اے راجہ سنگھ کے خلاف کارروائی کی جائے۔

SC:

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کی درخواست مسترد کردی جس میں ہائی کورٹ کے اُس فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا جس کے تحت مقامی اداروں میں پسماندہ طبقات کے لئے 42 فیصد ریزرویشن دینے والے حکومتی حکم پر عمل درآمد روک دیا گیا تھا۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل بینچ نے ریاست کی درخواست کو خارج کردیا۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے 9 اکتوبر کے اپنے حکم میں اس سرکاری فیصلے پر روک لگائی تھی۔ عدالت میں اس فیصلے کے خلاف کئی درخواستیں دائر کی گئی تھیں جن میں کہا گیا کہ پسماندہ طبقات کے لیے 42 فیصد ریزرویشن دینے سے مقامی اداروں میں مجموعی تحفظات 67 فیصد تک پہنچ جاتا ہے، جو عدالت کی مقرر کردہ 50 فیصد کی حد سے تجاوز ہے۔ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو چار ہفتوں میں جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

BRS-HC:

جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں بی آر ایس امیدوار مگنتی سنیتا اور پارٹی کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے ٹی راما راؤ نے تلنگانہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت دینے کی اپیل کی کہ وہ جوبلی ہلز حلقہ میں ووٹروں کے اندراج کی جانچ کرے کیونکہ مبینہ طور پر جعلی ووٹروں کے نام شامل کیے گئے ہیں۔ درخواست گزاروں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی نے شکست کے خوف سے جعلی ووٹروں کے نام شامل کیے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ چیف الیکٹورل آفیسر نے پہلے ہی ضلع انتخابی آفیسر کو ووٹر فہرست کی جانچ کا حکم دے دیا ہے اور یہ عمل جاری ہے، لہٰذا درخواست گزاروں نے جلد بازی میں عدالت کا رخ کیا۔ عدالت نے معاملہ نمٹا دیا اور کہا کہ اس پر مزید کسی ہدایت کی ضرورت نہیں۔

SUREKHA:

ریاستی وقف و مذہبی امور کی وزیر کونڈا سریکھا کے لیے ایک بڑے جھٹکے کے طور پر حکومت نے سری سَمّا کا سَرالَمّا جاترا (میڈارم) سے متعلق تمام ترقیاتی کام سڑکوں و عمارات کے محکمہ کے حوالے کر دیے ہیں۔ حکومت نے مذہبی امور کے محکمہ کو ہدایت دی کہ وہ اس منصوبے سے متعلق تمام دستاویز فوری طور پر آر اینڈ بی محکمہ کے حوالے کرے۔ حکومت نے کہا کہ ان کاموں کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے تکنیکی نگرانی، معیار اور مقررہ مدت میں تکمیل کے لیے یہ ضروری سمجھا گیا کہ ان کاموں کو آر اینڈ بی محکمہ انجام دے۔ چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ کے مطابق، اب مندر کی ترقی اور جاترا سے متعلق دیگر بنیادی ڈھانچے کے تمام کام آر اینڈ بی محکمہ کے ذریعہ انجام دیے جائیں گے۔

SAJNAR:

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے ان افراد اور مواد تیار کرنے والوں کے خلاف سخت انتباہ جاری کیا ہے جو کم عمر بچوں کو غیر شائستہ یا نامناسب سوشیل میڈیا ویڈیوز میں دکھا کر ویوز اور لائکس حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کمشنر نے کہا کہ بچوں کو ایسے قابلِ اعتراض ویڈیوز میں شامل کرنا بچوں کے استحصال کے مترادف ہے اور یہ عمل پوکسو ایکٹ اور جووینائل جسٹس ایکٹ کے تحت قابلِ سزا جرم ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ کم عمر بچوں سے متعلق غیر اخلاقی یا فحش مواد تیار کرنا یا شیئر کرنا نہ صرف غیر اخلاقی بلکہ ایک فوجداری جرم بھی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسے تمام افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جو اس طرح کے مواد کی تیاری یا اپ لوڈنگ میں ملوث پائے جائیں گے۔

QUIZ:

نوجوانوں کے امور اور اسپورٹس کی مرکزی وزارت نے ''وِکست بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ کوئز 2026'' میں حصہ لینے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر تک بڑھادی ہے۔ وزارت نے بتایا ہے کہ ملک بھر سے 20 لاکھ سے زیادہ نوجوان پہلے ہی اس کوئز میں 'مائی بھارت پورٹل' کے ذریعہ حصہ لے چکے ہیں۔

PDMC SCHEME:

مرکزی حکومت نے پانی کے مناسب استعمال اور کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کے مقصد سے پرڈروپ مورڈراپ کے نام سے ایک اسکیم شروع کی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی مرکزی وزارت نے بتایا کہ اِس فیصلہ سے ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کو پانی کی بچت میں مدد ملے گی۔ وزارت نے کہا کہ ریاستیں اور مرکزی زیرانتظام علاقے اب مقامی ضروریات کے مطابق منصوبے بنا سکتے ہیں۔

PM-AP:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج آندھراپردیش کے شہر کرنول میں تقریباً 13 ہزار 430 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھا، افتتاح کیا اور انہیں قوم کے نام وقف کیا۔ یہ منصوبے صنعت، برقی کی ترسیل، سڑکوں، ریلوے، دفاعی پیداوار، پٹرولیم اور قدرتی گیس جیسے مختلف اہم شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان منصوبوں کا مقصد ریاست میں صنعتی ترقی کو تیز کرنا، بنیادی ڈھانچہ کو مضبوط بنانا اور ہمہ جہتی سماجی و معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر ریاستی وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو اور ان کے نائب پون کلیان بھی موجود تھے۔ نریندر مودی آج صبح اے پی کے ایک روزہ دورے پر کرنول پہنچے۔ آمد کے بعد انہوں نے سری بھرمَرَمبا ملیکارجنا سوامی ورلا دیوستھانم، سری سیلم مندر میں پوجا کی۔ یہ مندر بارہ جیوتر لِنگوں میں سے ایک اور باون شکتی پیٹھوں میں شمار ہوتا ہے۔ وزیراعظم کو اس موقع پر سوامی جی اور دیوی بھرمَرَمبا کی تصویریں اور ملبوسات پیش کئے گئے۔ بعد میں مودی نے سری سیلم میں واقع 'سری شیواجی سپورتی کیندر' کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چھترپتی شیواجی مہاراج کی خدمات اور وراثت کو خراج پیش کیا۔

COMPLAINT:

مسلم دانشوروں اور عوامی نمائندوں کے ایک گروپ نے ڈی جی پی شیودھر ریڈی سے اپیل کی ہے کہ گوشہ محل کے ایم ایل اے راجہ سنگھ کے خلاف کارروائی کی جائے جنہوں نے مدھیہ پردیش کے شہر اندور میں ایک عوامی جلسہ کے دوران قابل اعتراض ریمارکس کہے تھے۔ اس سلسلہ میں ایک ویڈیو کے وائرل ہونے کے بعد حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں پولیس نے شکایات درج کرائی گئی جبکہ شاہ علی بنڈہ پولیس اسٹیشن میں راجہ سنگھ کے خلاف ایک ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔

NOMINATIONS:

حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب کے سلسلہ میں چوتھے دن جملہ 21 پرچہ جاتِ نامزدگیاں داخل کئے گئے۔ اب تک جملہ 46 امیدواروں کی جانب سے 56 پرچہ نامزدگیاں داخل کئے جاچکے ہیں۔

WEATHER

ریاست کے اضلاع جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم اورمحبوب آباد میں آج مختلف مقامات پر بوندہ باندی کے ساتھ ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا کافی امکان ہے۔ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔اسی طرح ضلاع کوتہ گوڑم، کھمم، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈ ہ، جنگاؤں، سدی پیٹ، بھونگیر، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی میں بھی کہیں کہیں کل بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔

POST OFFICE:

حیدرآباد جنرل پوسٹ آفس (جی پی او) کی جانب سے آج سے نائٹ شفٹ کے دوران کام کاچ شروع کیا گیا ہے۔اوقات شام 8 بجے سے صبح 8 بجے تک رہیں گے۔ اس فیصلہ سے عوام کو اسپیڈ پوسٹ ڈاکیومنٹ اور خطوط کسی بھی وقت روانہ کرنے کی سہولت رہے گی۔ محکمہ ڈاک نے کہا ہے کہ اس فیصلہ کا مقصد بلاوقفہ پوسٹل خدمات کو جاری رکھنا اور 24 گھنٹے خدمات کے ذریعہ عوام کو خدمات فراہم کرنا ہے۔

Add PM AP

اس موقع پر ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آندھراپردیش تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈبل انجن حکومت کی طاقت کے ساتھ ریاست میں بے مثال ترقی ہورہی ہے۔وزیراعظم نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ سال 2047ء تک جب ہندوستان کی آزادی کے 100 برس مکمل ہوجائیں گے، یہ حقیقی طور پر وکست بھارت رہے گا۔

Sound Byte

GST 2.0 Farmer

مرکزی حکومت کی جانب سے جی ایس ٹی 2.0 کے زراعت کے شعبہ میں کسانوں کو کافی پہنچ رہا ہے۔

میدک ضلع کے کوڈی پلی منڈل ولما کنا گاؤں کے ایک کسان راجندر نے آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ٹریکٹر پر جی ایس ٹی کم کرنے سے ان جیسے کسانوں کو بہت فائدہ پہنچ رہا ہے۔

Sound Byte.

○○